© rasailojaraid.com

# حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی تاریخ وفات

## اور ان کے اہل خاندان کے مزارات اور ان کے کتبے

از مولانا نور الحسن راشد کاندھلوی، مفتی الہٰی بخش اکیڈمی کاندھلہ ضلع مظفر نگر

حضرت حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ احمد بن عبد الرحیم محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعہ کی ذات گرامی، ان کے احوال و سوانح، اور علوم و معارف پر "القول الجلی فی مناقب الولی[1]" سے تحقیق و تصنیف کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا وہ اس وقت تک جاری

---

[1] القول الجلی، حضرت شاہ محمد عاشق پھلتی وفات تقریباً ۱۱۸۷ھ/ ۷۴-۱۷۷۳ء کی تالیف ہے، جو حضرت شاہ ولی اللہ کے صاحب سر، رفیق خاص اور محرم راز تھے، اس کی تالیف حضرت شاہ ولی اللہ کے ارشاد و ایما پر ہوئی، حضرت شاہ ولی اللہ نے اپنے خود نوشت احوال "الجزء اللطیف فی ترجمۃ العبد الضعیف" میں اس کا ذکر فرمایا ہے۔ انفاس العارفین شاہ ولی اللہ ص ۲۱ مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱۳۳۵ھ)۔ اس کتاب کا اکثر حصہ حضرت شاہ ولی اللہ کی حیات میں اور آخری باب حضرت شاہ صاحب کی وفات کے بعد اضافہ ہوا۔ اس اہم تالیف کا واحد معلوم نسخہ کتب خانہ خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری (لکھنؤ) میں ہے، جس سے اہل علم استفادہ کرتے رہے ہیں۔ یہ نسخہ ۲۹۷ صفحات (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اور روز افزوں ہے۔ اس موضوع پر مختلف زبانوں میں بے شمار کتابیں اور مضامین شائع ہو چکے ہیں جن سے ایک چھوٹا سا مستقل کتب خانہ مرتب کیا جاسکتا ہے، اور مشرق و مغرب کی متعدد جامعات اور یونیورسٹیز میں بھی اس عنوان پر تحقیقی مقالے اور منصوبے مرتب ہوتے ہیں اور زیر ترتیب و تحریر بھی ہیں۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) پر مشتمل ہے اور سنہ ۱۲۲۹ھ/۱۸۱۳ء کا مکتوبہ ہے، بحوالہ مکتوب جناب شاہ مجتبیٰ حیدر صاحب کاکوروی مرقومہ ۱۷ شعبان ۱۴۰۲ھ، پروفیسر خلیق احمد صاحب نظامی نے اس کا سنہ کتابت ۱۲۳۹ھ/۱۸۲۳ء نقل کیا ہے (شاہ ولی اللہ اور ان کے سیاسی مکتوبات ص۲۱ دہلی ۱۳۸۸ھ) جو خلاف واقعہ ہونے کے علاوہ جنتری کی رو سے بھی صحیح نہیں ہے۔ القول الجلی کا ایک نسخہ ہمارے خاندانی ذخیرہ کتب میں بھی موجود تھا مگر راقم سطور کو اس کا سراغ نہیں ملا۔ القول الجلی کے ایک اور نسخہ کا نواب صدیق حسن خاں کے کتب خانہ کے حوالہ سے ذکر کیا جاتا ہے، اور نواب صاحب نے بھی اتحاف النبلاء المتقین باحیاء مآثر الفقہاء والمحدثین میں القول الجلی کے حوالہ سے دو واقعات نقل کئے ہیں، ملاحظہ ہو الروض الممطور فی تراجم علماء شرح الصدور مولانا ذوالفقار احمد نقوی ص۱۸۸/۱۹۳ (آگرہ ۱۳۰۷ھ) مگر نواب صاحب کے ذخیرہ کتب محفوظہ دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ اور نواب صاحب کے کتب خانہ کی مفصل فہرست ص۶ تا ص۱۱۲ سلسلۃ العسجد فی ذکر مشائخ السند تالیف نواب صدیق حسن خاں (بھوپال ۱۲۹۳ھ) میں شاہ محمد عاشق کی القول الجلی کا کہیں ذکر نہیں۔ تاہم اس فہرست میں اسی نام کی ایک اور کتاب القول الجلی فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن تیمیۃ الحنبلی کا اندراج ہے ص۸۱ سلسلۃ العسجد۔ مقام مسرت ہے کہ نسخہ کاکوری شاہ مجتبیٰ حیدر صاحب کے زیر نگرانی اردو ترجمہ کے بعد اشاعت کے لئے تیار ہو رہا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حیات ولی اللہی کے وسیع تر سلسلہ کا ایک چھوٹا مگر اہم عنوان تاریخ وفات حضرت شاہ ولی اللہ اور مزارات خاندان ولی اللہی ہے۔ آئندہ سطور میں اس سلسلہ کی معلومات یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

حضرت شاہ صاحب کے سنہ وفات کے متعلق متعدد روایات ہیں، ۱۱۷۴ھ، ۱۱۷۵ھ، ۱۱۷۶ھ، ۱۱۷۹ھ اور ۱۱۸۰ھ، ان میں صحیح اور معتمد علیہ ۱۱۷۶ھ ہے۔ اس سنہ اور تاریخ وفات ۲۹ محرم ۱۱۷۶ھ بروز شنبہ/ ۲۱ اگست ۱۷۶۲ء بوقت ظہر، کی قدیم ترین اطلاع مولانا سید محمد نعمان حسنی رائے بریلوی کے مکتوب سے حاصل ہوتی ہے، حضرت شاہ محمد نعمان حضرت شاہ ولی اللہ کے دامن فیض سے وابستہ، اور آخری ایام میں حضرت شاہ ولی اللہ کی خدمت میں حاضر تھے، وہ مولانا ابوسعید رائے بریلوی کے نام خط میں تحریر فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| "وامصیبتاہ! ایں چہ بے نیازی است کہ ہمچنیں روح مقتدائے را، در کمتر وقت بعمر شصت و دو سالگی ندائے ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ دادند، و اصحاب بدع وضلال را عشرت آگیں نمودند، و اصحاب دین را اندوہگیں کردند، یعنی بتاریخ سلخ محرم الحرام، یک ہزار و یک صد و ہفتاد و شش، یوم السبت وقت الظہر، بامر داعی حق روح مطہر آنحضرت از قالب | آہ، افسوس! حق تعالیٰ کی عجیب شان بے نیازی ہے کہ ایسے رہنما کی روح کو ایسی مختصر مدت میں باسٹھ سال کی عمر میں "اے نفس مطمئنہ اپنے رب کی طرف راضی اور پسندیدہ ہو کر لوٹ جا" کی صدا سنادی گئی، بدعتی اور طریقۂ سنت سے دور افراد کو مسرور، اور دین داروں کو غمگین کر دیا گیا، یعنی محرم الحرام کی آخری تاریخ کو ۱۱۷۶ھ میں شنبہ کے دن ظہر کے وقت، حکم الٰہی کے مطابق حضرت |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | |
|---|---|
| مفارقت نمودہ باوج علیین نشیمن ساختہ۔" [1] | کی پاکیزہ روح نے جسم عنصری سے جدا ہوکر علیین کی بلندی پر اپنا نشیمن بنالیا۔ |

اس اطلاع کی توثیق وتصدیق حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے ایک ملفوظ سے ہوتی ہے، حضرت شاہ صاحب ارشاد فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| "عمر شریف یعنی شصت یک سال وچہار ماہ شد، چہارم شوال تولد گشت، در بست نہم محرم وفات یافت، تاریخ تولد شاہ ولی اللہ چہارم شوال و چہار شنبہ ۱۱۱۴ھ بود، تاریخ وفات او بود امام اعظم دیں، دیگر ہائے دل روزگار رفت، بست نہم محرم | عمر شریف (حضرت شاہ ولی اللہ) اکسٹھ سال چار ماہ ہوئی، چار شوال کو تولد ہوئے اور ۲۹ محرم کو وفات پائی۔ تاریخ ولادت شاہ ولی اللہ چار شوال ۱۱۱۴ھ بروز بدھ، وقت ظہر (۲۱ فروری ۱۷۰۳ء) تھی، او بود امام اعظم دیں، اور ہائے |

---

[1] مکتوب مولانا سید نعمان رائے بریلوی، زیر عنوان حضرت شاہ ابوسعید حسنی رائے بریلوی کے روابط حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، اور ان کے خاندان سے، از مولانا نسیم احمد صاحب فریدی امروہوی، ماہنامہ الفرقان لکھنؤ، صفر ۱۳۸۵ھ ص ۳۶، حضرت شاہ ولی اللہ کی تاریخ وفات کے لئے صاحب نزہۃ الخواطر مولانا عبدالحی حسنی کا ماخذ بھی یہی مکتوب ہے، نزہۃ الخواطر ص ۴۱۵ ج ۶ (حیدرآباد ۱۳۷۶ھ) اصل مکتوب حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ کے خاندانی مرقع نوادر میں محفوظ ہے، پروفیسر خلیق احمد نظامی نے اس کے لئے کتب خانہ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کا حوالہ دیا ہے (شاہ ولی اللہ کے سیاسی مکتوبات ص ۲۰۲) جو صحیح نہیں ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وقت ظہر" لہ　　دل روزگار رفت" کے اعداد سے
سنہ تاریخ وفات معلوم ہوتا ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز نے اس ملفوظ میں جو دو مادہ ہائے تاریخ بیان فرمائے ہیں، ان میں سے پہلا حسن خاں تحسین کشمیری کا اثر ہے[۵]، دوسرا مادۂ تاریخ ہائے دل روزگار رفت" غالباً صحیح نقل نہیں ہوا، اس میں مرتب ملفوظات یا کاتب نسخہ سے کوئی لفظ چھوٹ گیا ہے، موجودہ صورت میں اس کے اعداد ۱۱۶۵ ہوتے ہیں جو حضرت شاہ ولی اللہ کے سنہ وفات سے مطابقت نہیں رکھتے، شاید اسی وجہ سے مرتب تذکرۂ عزیزیہ[۳]، اور مولانا نسیم احمد فریدی نے ملفوظات عزیزی[۴] میں اس مادہ کو نقل نہیں کیا ہے، مذکورہ مادہ کے علاوہ ایک مصرعہ تاریخ "مقتدا دقیقہ شناس[۵]" اور ایک ۱۱۷۶ھ، "آفتاب علم شد زیر زمین" ہے[۶]۔

صحیح تاریخ وفات ۱۱۷۶ھ کے بعد ان سنین کا تذکرہ ہوگا جو متعدد مستند تذکرہ نگاروں نے نقل کئے ہیں، ان سنین میں پہلی روایت سنہ ۱۱۷۵ھ کی ہے۔

---

لہ ملفوظات حضرت شاہ عبدالعزیز، مولفہ ۱۲۳۳ھ، صفحہ ۴۲ (مجتبائی میرٹھ ۱۳۱۴ھ)

لہ مضمون جناب مسعود انور علوی، ماہنامہ برہان دہلی ص ۵۸/۱۸۶ (مارچ ۸۳ء ۱۹)

لہ تذکرہ عزیزیہ، مرتبہ قاضی بشیر الدین میرٹھی صفحہ ۸ (مجتبائی میرٹھ ۱۹۳۴ء)

لہ ماہنامہ الفرقان لکھنؤ ص ۱۴ (جمادی الثانی ۱۳۸۷ھ)

لہ یہ مادہ تاریخ مولانا عبدالحلیم چشتی نے فوائد جامعہ بر عجالہ نافعہ ص ۲۸۵ (نور محمد کراچی ۱۳۸۳ھ) میں بلا حوالۂ ماخذ نقل کیا ہے، مگر جس طرح چشتی صاحب نے نقل کیا ہے "مقتدائے دقیقہ شناس" اس کے اعداد ۱۱۸۶ ہو جاتے ہیں، غالباً "ی" کا اضافہ سبقت قلم ہے۔

لہ مضمون جناب مسعود انور علوی، ماہنامہ برہان دہلی ص ۵۷/۱۸۵ (مارچ سنہ ۱۹۸۳ء)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس روایت کا ماخذ علامۂ محدث شیخ حسین بن محسن یمانی کی تحریر ہے، علامہ موصوف الیانع الجنی فی اسانید الشیخ عبدالغنی میں محتاط الفاظ میں لکھتے ہیں:

"ویشبہ ان یکون وفات ابو عبدالعزیز[1] فی سنۃ اربع اوخمس وسبعین ومائۃ بعد الالف وقبرہ معروف یزار ویتبرک بہ"[2]

اور ممکن ہے کہ ابوعبدالعزیز (شاہ ولی اللہ) کی وفات ۱۱۷۴ھ یا ۱۱۷۵ھ میں کے درمیان ہو، اور ان کی قبر مشہور، اور زیارت گاہ ہے۔

فخر المتاخرین حضرت مولانا عبدالحئی فرنگی محلی نے بھی ۱۱۷۴ھ کی روایت کو نقل کیا ہے، مگر قیل کے لفظ سے اس روایت کی کمزوری کی طرف بھی اشارہ کر دیا ہے اور اولیت ۱۱۷۶ھ کی روایت کو دی ہے[3]

۱۱۷۵ھ کی ایک اور روایت نواب محمد علی خاں ٹونک نے سیرالاخبار معروف بہ فرحت الناظرین ذکر کی ہے، نواب صاحب لکھتے ہیں:

"درسنہ یازدہ صدو ہفتاد وپنج ہجری بعالم آخرت شتافت"[4]

(حضرت شاہ ولی اللہ) سنہ گیارہ سو پچھتر ہجری میں عالم آخرت کو سدھار گئے۔

---

[1] الیانع الجنی کے پیش نظر نسخہ میں صرف عبدالعزیز ہے جو یقیناً سہو کاتب ہے، تذکرہ حضرت شاہ ولی اللہ کا ہے، جن کو شیخ یمانی ابوعبدالعزیز سے یاد کرتے ہیں۔

[2] الیانع الجنی صہ ۹۴ (دارالاشاعت دیوبند ۱۳۴۹ھ)

[3] التعلیق الممجد علی موطا الامام محمد صہ ۲۵ (مطبع یوسفی لکھنؤ، ۱۳۱۵ھ)

[4] قرۃ العیون فی شرح سرور المحزون، صہ ۹ جلد اول (مطبع مجری ٹونک، بلا سنہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مفتی غلام سرور لاہوری نے حضرت شاہ صاحب کی وفات ۱۱۷۹ھ یا ۱۱۸۰ھ میں بیان کرتے ہیں، مفتی صاحب کا قول ہے:

| | |
|---|---|
| وفات آنجناب در سال یک ہزار و یک صد ہفتاد و نہ، یا ہشتاد، بوقوع آمد از مؤلف۔" | آنجناب (شاہ ولی اللہ) کی وفات سنہ گیارہ سو اناسی، یا سنہ گیارہ سو اسی میں واقع ہوئی۔ تاریخ وفات از مؤلف |

زدنیا چو رخت اقامت بہ بست — ولی اللہ ولی، ولی متقی
وفاتش بجستم ز شیخ کریم — رقم شد و گر شیخ اکبر ولی

ایضاً

چو از دنیا بجنت گشت راہی — ولی اللہ حق آگاہ بہشتی
وفات او یکے خورشید بند است — دگر عارف۔ ولی اللہ بہشتی"[۱]

مگر مفتی صاحب نے حدیقۃ الاولیاء میں جو خزینۃ الاصفیاء سے موخر تالیف ہے، حضرت شاہ صاحب کی تاریخ وفات کی صرف ایک روایت نقل کی ہے[۲] اور صاحب ہدیۃ العارفین نے ۱۱۷۹ھ کی روایت پر اعتماد کیا ہے، مگر حسب معمول ماخذ کا ذکر نہیں کیا ہے[۳]۔ سطور بالا سے یہ معلوم ہو گیا ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کہ ۱۱۷۶ھ کے علاوہ حضرت شاہ ولی اللہ کے جو سنین وفات نقل کئے جاتے ہیں

---

[۱] خزینۃ الاصفیاء، ص ۳۷۳ جلد دوم (مطبع ثمر ہند لکھنؤ ۱۲۹۰ھ)

[۲] حدیقۃ الاولیاء، ص ۱۱۱، (مطبع نولکشور لکھنؤ ۱۲۹۰ھ)

[۳] ہدیۃ العارفین، اسماء المولفین، اسمٰعیل پاشا بغدادی، کالم ۵۰۰ ج ۲ مکتبۃ المثنیٰ، بیروت۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہ سب غلط ہیں، مگر حیرت ہے کہ بعض اہل قلم ان سنین کو صحیح خیال کرتے ہیں، اور اپنی تالیفات میں ان کو نقل کرنا درست سمجھتے ہیں۔

حضرت شاہ صاحب کی تاریخ ولادت حضرت شاہ عبدالعزیز کے حوالہ سے گزر گئی ہے، اور حضرت شاہ ولی اللہ نے خود نوشت سوانح "الجزء اللطیف فی ترجمۃ العبد الضعیف" میں بھی یہی وقت معہ زائچہ سیارگان تحریر فرمایا ہے[۱] مگر معلوم نہیں کس وجہ سے نواب صدیق حسن خاں نے حضرت شاہ صاحب کا سنہ ولادت ۱۱۱۰ھ گیارہ سو دس لکھا ہے[۲]۔ نواب صاحب کے بیان پر خیر الدین الزرکلی نے اعتماد کیا[۳] اور الزرکلی کی اطلاع ہے کہ شیخ عبدالحئی کتانی نے بھی فہرس الفہارس میں اسی کو اختیار کیا ہے۔

حضرت حکیم الامت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مبارک، اور ان کے اہل خاندان کا قبرستان جو مہندیاں[۴] کے نام سے مشہور ہے، دہلی میں، دلی دروازے کے بائیں جانب مولانا آزاد میڈیکل کالج کے پیچھے واقع ہے، اس قبرستان میں

---

[۱] مشمولہ انفاس العارفین صـ ۲۰۲ (مجتبائی دہلی ۱۳۳۵ھ)

[۲] ابجد العلوم صـ ۹۱۲ (صدیقی بھوپال ۱۲۹۵ھ) دلچسپ امر یہ ہے کہ ابجد العلوم میں سنہ وفات کا ذکر نہیں اور "الحطہ فی ذکر امہات الستہ" صـ ۷۰ (نظامی کان پور ۱۲۸۳ھ اور سلسلۃ العسجد صـ ۷) میں سنہ ولادت موجود نہیں ہے، اتحاف النبلا راقم کے سامنے نہیں ہے۔

[۳] الاعلام صـ ۱۴۹ ج ۱۔ (الطبعۃ الرابعہ، بیروت ۱۹۷۹ء)

[۴] مہندیان کی تاریخ اور معلومات کے لئے رجوع فرمائیے آثار الصنادید سرسید احمد خاں صـ ۱۲۰ (طبع اول ۷، ۱۸۴۶ء دہلی) اور واقعات دار الحکومت مولوی بشیر الدین احمد صـ ۵۸۰ تا صـ ۵۹۲ جلد دوم، (آگرہ ۱۳۳۷ھ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علم و معرفت کے وہ تاجدار، اور حکمت و موعظت کے وہ شہ سوار سوئے ہیں جن کے ایمانی و عرفانی کارناموں سے دشت و جبل گونج رہے ہیں اور جن کے دم قدم سے ہندوستان میں اسلام کا ٹمٹماتا چراغ روشن، توحید کا غلغلہ بلند اور اتباع سنت کا ولولہ تازہ ہوا۔ ان کی کاوشوں کا عکس دل فروز، اور آج بھی ملت اسلامیہ کے لئے مینارۂ نور ہے، اور بلا تکلف کہا جا سکتا ہے کہ اس تختی بر اعظم (ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش) کے بیشتر تعلیمی و تبلیغی سلسلے انھیں کے سوز دروں کی بازگشت اور ان ہی کاوشوں کا پرتو ہے، جس کے اثر سے برصغیر کا خطہ خطہ منور، اور ذرہ ذرہ درخشاں ہے۔

یک چراغیست دریں خانہ از پرتو آں
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

ان آسودگان خاک کے فکر و فن کا دریا آج بھی پورے جوش و خروش سے لہریں لے رہا ہے اور ملکوں ملکوں کے لوگ اپنے اپنے ظرف و صلاحیت کے مطابق اس سے فیض یاب ہو رہے ہیں، کس کا تذکرہ کریں کس کو چھوڑیں، یہاں تو ہر فرد اپنی جگہ مجلس عمل، ایک مستقل کتب خانہ اور دار العلوم ہے،

گوشے گوشے میں یہاں ملت کا سرمایہ ہے دفن
حکمتِ اسلام کا گنجِ گرانمایہ ہے دفن
اس میں سوتے ہیں محدث اور مفسر بے شمار
عالمانِ دینِ قیم ہیں قطار اندر قطار

جس جگہ قبرستان خاندان ولی اللّٰہی واقع ہے یہاں کبھی شیخ عبد العزیز شکر بار کی خانقاہ تھی، بعد میں شیخ رفیع الدین کی قیام گاہ بھی یہی ہوئی، اور اکابر خاندان ولی اللّٰہی کے مکانات بھی اسی جگہ تھے، مگر حضرت شاہ ولی اللہ نے اس جگہ قیام ترک کر کے اندرون شاہجہاں آباد قیام فرما لیا تھا، مولوی احمد علی خیر آبادی لکھتے ہیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"قبور ایں حضرات در حوالی ہماں خانقاہ بیرون دہلی دروازہ حصار شاہجہاں آباد، محاذی منارۂ فیروزی ، و مکانات شاہ رفیع الدین و شاہ عبدالرحیم در قدیم الایام ہماں خانقاہ بود، شاہ ولی اللہ محدث از روئے تسلط جنات آں را ترک فرمودند، الا جائے قبور ہماں ماند" [1]

ان حضرات کی قبریں اس خانقاہ کے اطراف میں دہلی دروازہ، شاہجہاں آباد کے حدود کے باہر، فیروز منارے کے سامنے ہیں، اور شاہ رفیع الدین و شاہ عبدالرحیم کے مکانات قدیم زمانہ سے یہی خانقاہ تھی، مگر شاہ ولی اللہ نے جنات کے اثر کی وجہ سے وہاں قیام ترک کر دیا تھا مگر قبرستان وہی رہا۔

اس قبرستان کی اہم قبور پر گذشتہ تقریباً سو سال سے کتبے نصب رہے ہے۔ راقم سطور کی معلومات میں کتبات کی موجودگی کی پہلی اطلاع مولوی محمد اکبر داناپوری کے سفرنامہ سے ملتی ہے، داناپوری ۱۸ رجب ۱۳۱۱ھ کو قبرستان مہندیاں حاضر ہوئے۔ اس وقت حضرت شاہ ولی اللہ اور ان کے صاحبزادگان والاشان کے مزارات پر کتبات نصب تھے، مولوی محمد اکبر نے ان مزارات کے لوح مزار پر کندہ تاریخیں نقل کی ہیں، مگر ان تاریخوں میں حضرت شاہ رفیع الدین کی تاریخ وفات کے علاوہ جملہ سنین غلط لکھے ہوئے ہیں، یہ کتبات ممتاز علی خاں رئیس میرٹھ نے نصب کرائے تھے [2]

---

[1] قصر عارفاں، مولوی احمد علی خیرآبادی ص ۴۶ مرتبہ ڈاکٹر محمد باقر (اورینٹل کالج میگزین لاہور) ۱۹۶۵ء۔

[2] سیر دہلی ص ۴۳ ص ۴۴ (مطبع ریاض ہند آگرہ، ۱۳۱۱ھ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مولوی محمد اکبر کے سفر دہلی کے پورے ایک سال بعد مولانا عبدالحئی حسنی رائے بریلوی نے دہلی کا سفر کیا، وہ ۸ ارجب ۱۳۱۲ھ کو قبرستان مہندیاں پہنچے، اس وقت پر بھی مزارات پر کتبے موجود تھے، مگر مولانا عبدالحئی نے کتبات کی تفصیل اور سنین نقل نہیں کئے ہیں۔[1]

اس سفر کے بائیس چوبیس سال بعد جب قبرستان و مسجد مہندیاں کی تجدید و مرمت ہوئی تو یہ پرانے پتھر ہٹا کر نئے لوح مزار نصب کئے گئے، مولوی بشیر الدین احمد دہلوی نے نئے کتبات کا تفصیل سے تعارف کرایا ہے، مولوی صاحب نے پہلے ایک نقشہ دیا ہے جس سے قبروں کی ترتیب معلوم ہو جاتی ہے۔ پھر اس احاطہ قبور میں موجود ایک بڑے کتبہ سے ان افراد کے نام نقل کئے ہیں، جو خاندان ولی اللٰہی سے نسبی تعلق رکھتے ہیں، اس احاطہ میں مدفون ہیں مگر نسبتۃً کم مشہور ہیں۔ قوسین کی عبارات راقم سطور کا اضافہ ہیں[2]:

۱۔ والدہ ماجدہ حضرت شاہ ولی اللہ (فخر النساء بنت شیخ محمد پھلتی)

۲۔ والدہ ماجدہ حضرت شاہ عبدالعزیز (بی بی ارادت سونی پتی)

۳۔ مولانا مخصوص اللہ صاحب (متوفی ۱۲۷۳ھ صاحبزادہ حضرت شاہ رفیع الدین)

---

[1] دہلی اور اس کے اطراف، مولانا عبدالحئی حسنی، ص ۳۴ (انجمن ترقی اردو، دہلی ۱۹۵۸ء)

[2] حضرت شاہ ولی اللہ کے خاندان کے مفصل شجرہ کے لئے ملاحظہ ہو، خاندان ولی اللٰہی کی زریں شاخیں اور ان کے نسبی سلسلے، از راقم السطور نورالحسن راشد، ماہنامہ برہان، جنوری، فروری ۱۹۸۳ء۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۔ مولانا محمد موسیٰ صاحب (صاحبزادہ شاہ رفیع الدین دہلوی)

۵۔ مولانا محمد عمر صاحب (متوفی ۱۲۶۸ھ صاحبزادہ شاہ محمد اسمٰعیل شہید)

۶۔ دختر مولانا شاہ عبدالقادر (زینب زوجہ مولوی مصطفیٰ ظلف شاہ رفیع الدین)

۷۔ دختر مولانا شاہ رفیع الدین (غالباً بی بی صفیہ مراد ہوں گے)

۸۔ دختر شاہ عبدالغنی (رقیہ، زوجہ محمد حسین بن شاہ رفیع الدین یا کلثوم زوجہ مولوی محمد موسیٰ خلف شاہ رفیع الدین)

۹۔ دختر مولوی محمد موسیٰ (فاضلہ)

۱۰۔ زوجہ مولوی مخصوص اللہ (مسماۃ امت العزیز)

۱۱۔ مولانا شاہ عبدالسلام (خلف مولوی محمد موسیٰ صاحبزادہ شاہ عبدالعزیز)

۱۲۔ مولوی سید احمد (ولی اللّٰہی خلف سید معزالدین احمد صاحبزادہ مولانا نصیر الدین مجاہد)

۱۳۔ سید رؤف احمد[۱] ؟

بڑے کتبے کے بعد حضرت شاہ عبدالرحیم، شاہ ولی اللہ اور ان کے صاحبزادگان عالی مقام کے مزارات کی عبارتیں نقل کی ہیں، ان نئے کتبات میں تمام سنین وفات صحیح لکھے گئے

---

[۱] واقعات دار الحکومت دہلی، مولوی بشیر الدین احمد صنہ ۵۹ جلد ۲ (آگرہ ۱۳۳۷ھ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں، ۱۹۴۷ء کے ہنگامہ میں اس قبرستان اور کتبات کو سخت نقصان پہنچا۔ اس ہنگامہ کے کئی سال بعد کتبات کی تجدید ہوئی، تین چار سال پہلے تک یہ کتبے موجود تھے، راقم سطور بھی اس قبرستان میں کئی مرتبہ فاتحہ پڑھنے کے لئے حاضر ہوا ہے، ایک مرتبہ بعض کتبات کی غلطیوں پر جناب علی محمد صاحب متولی درگاہ کو توجہ دلائی تھی اور موصوف نے تصحیح و ترمیم کرانے کا وعدہ بھی کیا تھا، مگر جناب انور علی صاحب کی تحریر سے معلوم ہوا کہ ان مزارات سے تمام کتبے و سنین وفات ختم کر دیئے گئے ہیں[۱]، اس خبر سے وابستگان سلسلہ ولی اللہی کو جو تکلیف پہنچی ہوگی وہ محتاج بیان نہیں ہے۔ کچھ عرصہ گذرا قبرستان خاندان ولی اللہی کی زوال پذیر صورت حال پر دہلی کے اردو اخبارات میں مراسلے شائع ہوئے تھے، مگر اس پر کوئی توجہ نہیں کی گئی۔ نئی خبر کتبات ہٹائے جانے کی آئی ہے جو یقیناً خوش آئند اطلاع نہیں ہے، آگے دیکھئے ہونا ہے کیا؟ ؎

ضرورت ہے کہ اس خاندان خورشید نشان سے محبت و تعلق رکھنے والے اس سلسلہ میں عملی قدم اٹھائیں اور سرمایۂ ملت کے ان نگہبانوں کے آثار کی حفاظت پر فوراً توجہ دیں، خدا نخواستہ اس قبرستان کا بھی وہی حشر نہ ہو جو دہلی اور مشرقی پنجاب کے اکثر ملی آثار و مزارات و مقابر کا ہو چکا ہے، خصوصاً حضرت شاہ ولی اللہ کے عم بزرگوار حضرت شاہ ابوالرضا محمد، اور ان کے خاندانی اعزہ کے قبرستان کا، یہ

---

[۱] ماہنامہ برہان دہلی، شمارہ مارچ ۸۳ء - ص۵۵

ؔ حقیقت یہ ہے کہ جناب علی محمد صاحب متولی درگاہ شاہ ولی اللہ نے اس عظیم آستانہ کی قابل قدر خدمات انجام دی ہیں یہاں ہمارے فاضل مقالہ نگار کو کچھ غلط فہمی ہو گئی ہے — (ادارہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گورستان دہلی میں بستی حضرت نظام الدین کے قریب واقع تھا، مولف واقعات دارالحکومت لکھتے ہیں:

"اگرچہ آپ کی درگاہ بظاہر کچھ عمدہ نہیں، مگر فیض سے مملو ہے، مکان کو مکین سے شرف ہے، آپ نے ۱۷ محرم ۱۱۰۲ھ کو وفات پائی، آپ کے وصال تاریخ آفتاب حقیقت ہے، علاوہ آپ کے مزار کے، اور اس جگہ آپ کے اہل وعیال اور دیگر بزرگوں کی قبریں بھی ہیں۔" ؎۱

لیکن اس وقت اس قبرستان کے آثار ونشانات بھی موجود نہیں، اس قبرستان کی زمین پر اوبرائے ہوٹل Oberoi Intercontinental کھڑا ہے، جناب امداد صابری نے کل ہند سنی اوقاف کانفرنس دہلی میں دہلی کی وقف اراضی، مزارات ومقابر کے ساتھ اس کا بھی ذکر کیا ہے کہ:

"شاہ ابوالرضا صاحب کے اس مزار پر فلک نما اوبرائے ہوٹل تعمیر ہوگیا ہے اور ان کے خاندان کے بزرگوں کی قبریں بھی اوبرائے ہوٹل کے نیچے آگئی ہیں۔" ؎۲

صابری صاحب نے ان صاحب کا نام بھی لکھا ہے جن کی عنایت سے اس قبرستان کا سودا طے ہوا ؎۳ فالی اللہ المشتکی

---

؎۱ واقعات دارالحکومت دہلی ص ۶۵۸ ج ۲۔

؎۲ خطبہ استقبالیہ، کل ہند سنی اوقاف کانفرنس منعقدہ دہلی، دسمبر ۱۹۶۱ء، ص ۲۲، ص ۲۳۔

؎۳ خطبہ مذکورہ ص ۲۶۔

© rasailojaraid.com